Text of Evening News Bulletin at 07:40PM

Dated:16-07-2026

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر مینمبشر رفاعی

ہیڈ لائنز

*....لیفٹنٹ گورنر نے شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کے اعلیٰ سطحی اجلاس کے دوران موصول ہونے والے نذرانے اور عطیات کے انتظامی نظام کا لیا جائزہ۔

*....سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے تحت اب تک لگ بھگ ساڑھے تین لاکھ یاتریوں کی پوتر گپھا میں حاضری۔

*.... چیف سیکریٹری کا عوامی زندگی میں آسانی لانے کیلئے لوگوں سے جڑی سرکاری عملیات کو سہل بنانے پر زور۔

.......اور...........

*....سرینگر میں چنار بُک فیسٹول کا تیسرا شمارہ 18جولائی سے ہوگا منعقد

ایل جی ویشنو دیوی

ادھرلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج شری ماتاویشنو دیوی استھاپن پر حاضری دی۔ انہوں نے وہاں جموں کشمیر میں امن ، ترقی اور خوشحالی کی لئے دعا کی۔ اس موقعہ پرمنوج سنہا نے ماتا ویشنو دیوی بورڈ کی جانب سے شردھالوؤنکیلئے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔

ایل جی میٹنگ

اِدھرلیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی صدارت میںآج شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کاایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس دوران وہاں موصول ہونے والے نذرانوں اور عطیات کے انتظامی نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں نذرانوں کی وصولی، گنتی، حساب کتاب،اسے محفوظ رکھنے اور استعمال کے تمام مراحل کا جائزہ لیتے ہوئے شفافیت، جوابدہی اور معیاری ضابطوں پر سختی سے عمل درآمد پر زور دیا گیا۔ بورڈ کو بتایا گیا کہ ڈونیشن بکس،
کاو

---

نٹرز، آن لائن پلیٹ فارمز اور قیمتی دھاتوں کی شکل میں موصول ہونے والے عطیات کے لیے ہ
مو

---

ثر نگرانی، بینکاری تحفظات اور باقاعدہ آڈٹ کا نظام موجود ہے۔ بورڈ نے موجودہ نظام پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہ
اسے شفاف، محفوظ اور
مو

---

ثر قرار دیا۔اجلاس میں شرائن بورڈ کے اراکین اور سینئر افسران نے شرکت کی۔ہ

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر میں عوام کی زندگی میںآسانیاں لانے کیلئے لوگوں سے جڑی سرکاری عملیات کو سہل بنانے کا کام تیز کرنے پر زور دیاہے۔ سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ ایسا کرنے سے جموں کشمیر میں ٹیکنالوجی پر مبنی اور صاف وشفاف انتظامی فریم ورک بھی باعمل آئے گا۔ دریں اثنا چیف سیکریٹری نے سرینگر کے اژھن ویسٹ منیجمنٹ پلانٹ میں ماحولیات کی دیرپائیت کے لئے کچرے کو سائنسی بنیاد پر ٹھکانے لگانے

کے اقدامات کا جائزہ لیا۔اس موقعہ پر مکانات وشہری ترقی کی کمشنر سیکریٹری مندیپ کور اور سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر فضل الحسیب بھی موجود تھے۔

درخشاں اندرابی

جمونوکشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹرسید درخشاںاندرابی نے آج بڈگام ضلع کے پیٹھ مکہامہ ماگام میں واقع آثار شریف اورپوشکر کھاگ میں حضرت بابا لطیف الدین ریشی رحمت اللہ علیہ کے آستان عالیہ پر حاضری دی۔انہوں نے دونوں مقامات پر زائرین کیلئے فراہم کی جانے والی سہولیات اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ مقامی باشندوں اورزائرین کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تاریخی ورثے کے تحفظ کیلئے وقف بورڈ پوری سنجیدگی سے کام کررہاہے۔

حج

حج 2027کیلئے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں اب محض چند ہی دن باقی رہ گئے ہیں۔اطلاعات کے مطابق ابھی تک جموں وکشمیر حج کمیٹی کو صرف 2ہزار 7سو درخواستیں موصول ہوئی ہیں جبکہ اس سال حج کمیٹی کے پاس لگ بھگ 8ہزار حج سیٹوں کا کوٹہ موجودہے۔اس تعلق سے جموں وکشمیر حج کمیٹی کے چیف ایگزیکٹیو آفیسرڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے ہمارے نمائندے نور العین عشرت کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

-----Dr Shujat----

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا احسن طریقے پر جاری ہے اور اب تک لگ بھگ ساڑھے 3 لاکھ یاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کئے ہیں۔اطلاعات کے مطابق آج سہ پہر5بجے تک مزید زائد از19ہزار یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی۔ایل جی منوج سنہا نے اتنی بڑی تعداد میں یاتریوں کی آمد پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے یاتراکے احسن انعقاد میں شامل محکموں کی ستائش کی ہے۔دریں اثناءآج جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے 5ہزار195یاتریوں پر مشتمل 15واں قافلہ وادی پہنچا۔ان میں تین ہزار 450یاتری پہلگام جبکہ ایک ہزار 745یاتری بال تل کے راستے یاترا کررہے ہیں۔

سیکریٹری ٹرانسپورٹ

ٹرانسپورٹ کی سیکریٹری اَونی لواسہ نے ریجنل ٹرانسپورٹ آفیسر کشمیر کے ہمراہ آج دریائے جہلم پر مجوزہ ریور کروز ٹرانسپورٹ پروجیکٹ کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوننے زیروبرج سے لیکر پانتھہ چوک تک ریور کروز روٹ پر تیار کئے جانے والے ٹرمنلزاور ضروری بنیادی ڈھانچے کی تیاریوں کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔واضح رہے یہ پروجیکٹ اِن لینڈ واٹر ویز اتھارٹی اور حکومت جموں وکشمیر کے باہمی اشتراک سے عملایا جارہاہے،جس کی بدولت متبادل اور پائیدارماحول دوست ٹرانسپورٹ نظام تیاکیا جارہاہے تاکہ مقامی باشندوں اور سیاحوں کو ایک منفرد سفری سہولیت فراہم کی جاسکے۔

تعزیتی اجلاس

نیشنل کانفرنس کی طرف سے آج پارٹی ہیڈکوارٹر سرینگر میں صوبہ کشمیر کے عہدیداروں کا ایک تعزیتی اجلاس منعقد ہواجس دوران پارٹی کے سابق معاون جنرل سیکریٹری اور سینئر لیڈر ڈاکٹر شیخ مصطفےٰ کمال کو شاندار خراج عقیدت اداکیاگیا۔ اجلاس کی صدارت پارٹی کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے کی، جس دوران مرحوم کی عوامی خدمات، ان کی اصول پسندی اور بے لوث سیاسی جدوجہد کو یاد کرکے ان کے حق میں دعائے مغفرت کی گئی۔ اجلاس میں شامل سبھی عہدیداروں نے سوگواران کے ساتھ دلی ہمدردی اور یکجہتی کابھی اظہار کیا۔ دریں اثناءجمعیت ہمدانیہ کے ایک وفد نے آج مرحوم کے گھرجاکر لواحقین کی ڈھارس بندھائی۔ وفد کی قیادت جمعیت ہمدانیہ کے صدر الحاج فاروق احمد گانی کررہے تھے۔

جی ایم شاہین

جنتادل یونائیٹڈ جموں وکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے آج پارٹی عہدیداروں کے ہمراہ مرحوم ڈاکٹر شیخ مصطفی کمال کی رہائش پر جاکر اُن کے اہلخانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔انہوں نے وہاں وزیراعلیٰ عمرعبداللہ سے بھی ملاقات کرکے اُن کے چاچا کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا۔

سپیکر

جمونوکشمیر قانون ساز کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے ترقیاتی پروجیکٹوں کو پورے معیار کے ساتھ تیزی سے مکمل کرنے کی ضرورت اُجاگر کرتے ہوئے پُلوں کی حفاظت یقینی بنانے پر زور دیاہے۔وہ آج چاڈورہ میں واقع نالہ پر Apazyari دوم کے تحت سیلاب سے متاثر ہونے کے بعد بحالی کے کاموں کا جائزہ Sasci نبارڈ کے تحت انسدادِ سیلاب کے اقدامات اور لے رہے تھے۔

رپورٹ

جموں کشمیر نشہ مکت ابھیان کے تحت یوٹی کے تقریباً سبھی اضلاع میں سمگلروں کے خلاف کارروائیوں اور عوام میں جانکاری پیدا کرنے کی سرگرمیاں جاری وساری ہیں۔ یہ سو روزہ ابھیان اب اپنے اختتام کی طرف بڑھ رہا ہے۔ گاندربل ضلعے میں اس ابھیان کے تفصیلی احوال کے ساتھ ہمارے نمائندے ....

........Report........

پولیس

منشیات کے خلاف کارروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے شوپیان میں عبدالحمید ٹھوکر نامی منشیات فروش کا رہائشی مکان اٹیچ کیا ہے۔

ایکٹ کے تحت گرفتار کیا۔NDPS ہندوارہ میں پولیس نے لنگیٹ کے ہلال احمد تانترے اور زچلڈارہ کے بلال احمد میر کو

گاندربل اور بارہمولہ اضلاع کے کئی علاقوں مینپولیس نے محکمہ مال اور ایکسائز محکمہ کے اشتراک سے وہاں خودرو بنگ کو تباہ کیا۔

کولگام میں پولیس نے وہاں درج ایک ہِٹ اینڈ رَن کیس کے تحت اُترپردیش سے تعلق رکھنے والے ارون گپتا کواُسکے آبائی علاقے سے گرفتارکیاہے

بریک

یہ خبریں آپ آکاش وانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔

خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن

News on AIR

پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔ DTH اور

فیسٹول

سرینگر میں 18جولائی سے 26جولائی تک چنار بک فیسٹیول کا تیسرا شمارہ منعقد ہورہاہے۔اس سلسلے میں تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنراکشے لابرو نے اس سلسلے میں آج جھیل ڈل میں ایک شکاراریلی کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔بُک فیسٹیول کی اہمیت اور انتظامات کے تعلق سے نیشنل بُک ٹرسٹ آف انڈیا کے ڈائریکٹر یوراج ملک نے ہمارے نمائندے شیخ تجمل کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

-----Yuvraj Malik----

ملاقات

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے آج جموں میں کئی وفود نے ملاقات کرکے اپنے اپنے شعبوں سے جڑے معاملات پر موصوف کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات کرنے والوں میں بابا امرناتھ جی اور بڑھاامرناتھ جی یاتری نواس کے صدر شری پوَن کوہلی کی قیادت والا ایک وفد اورشری کیمرس ڈیوڈ کی قیادت والا آل انڈیا مسیح سیوا دل کاایک وفد بھی شامل ہےں۔

KU

کشمیر یونیورسٹی میں آج ایک تقریب کے دوران 17ویں قومی یوتھ پارلیمنٹ مقابلے میں قومی چمپیئن کے بطور ابھرنے والی یونیورسٹی کی ٹیم کی عزت افزائی کی گئی۔ اس مقابلے کا اہتمام پارلیمانی امور کی مرکزی وزارت نے کیا تھا۔عزت افزائی کی یہ تقریب یونیورسٹی کے گاندھی بھون میں ادارے کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان کی صدارت میں منعقد ہوئی، جس کا اہتمام طالب علمونکی بہبود کے شعبے نے کیا تھا۔اس موقعے پر شعبے کے رجسٹرار پروفیسر نصیر اقبال اور دیگر سینئر عہدیدار بھی موجود تھے۔وائس چانسلر نے اعلان کیا کہ یونیورسٹی کی نمائندگی قومی سطح کے یوتھ لیڈرشپ پروگراموں میں کرنے والے طالب علموں کو یونیورسٹی کے فریم ورک کے مطابق اکیڈمک کریڈٹ بھی دئیے جائیں گے۔

کولگام

اینالائزر کی تنصیب کے ساتھ ہی تشخیصی خدمات کو مضبوط CLIA ضلع ہسپتال کولگام نے ایک نئے طرز کے خودکار کرنے کا ایک اوراہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ہمارے نمائندے کے مطابق اس سہولت کی تنصیب کے بعد اب ہسپتال میں مقامی سطح پر ہی مختلف طرح کے ٹیسٹ ہونا شروع ہوگئے ہیں۔

سمادھان

محکمہ عوامی شکایات نے مطلع کیا ہے کہ جے کے سمادھان پورٹل میں مزید لچک لانے کی غرض سے جاری کام کے تناظر میں اس پورٹل کے کارگزاری اگلے چند روز کیلئے عارضی طور پر دستیاب نہیں رہے گی۔ ایک بیان میں محکمہ نے کہا ہے کہ پورٹل میں یہ اپ گریڈ ضروری ہے جس کی بدولت بعد میں شہریوں کیلئے عوامی شکایات کی چارہ جوئی کا ایک زیادہ آسان تجربہ دیکھنے کو ملے گا۔

زراعت

محکمہ زراعت کشمیر نے ڈسٹرکٹ ماسٹرٹرینرس کی صلاحیت سازی کیلئے آج ایک یک روزہ تربیتی پروگرام کا انعقاد کیاپروگرام کا مقصد مصنوعی ذہانت پر مبنی زرعی ڈیٹا جمع کرنے میں سرعت لانا ہے۔

بی جے پی

پردیش بی جے پی نے نیشنل کانفرنس کی موجودہ سرکار کی مبینہ ناکامی کے خلاف بڑے پیمانے پر احتجاج شروع کرنے کا فیصلہ کیاہے۔ ایک پریس بیان میں بی جے پی نے کہا ہے کہ اس سلسلے میں کشمیر وادی میں 20جولائی کو جبکہ جموں ڈویژن میں یکم اگست کو احتجاج کیا جائے گا۔

CTR

وزیراعظم نریندر مودی نے ملک میں جاری مون سون کے دوران "کیچ دی رین "مہم کوتقویت بخشنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ایک پیغام میں انہوں نے پانی کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ بارش کے پانی کو بچانے اور اس کو استعمال میں لانے کا

مو

ثر نظام اختیار کیاجانا چاہئے۔ اس کے علاوہ بوروِیلز ، ئ
کنوو

ں اور پانی کے روایتی ذخیروں کو بحال کیا جانا چاہئے تاکہ موسم کی بدلتی صورتحال کے بیچ لوگوں کو معقول مقدار میں ئ
پانی مہیا ہوسکے۔

پی ایم

وزیر اعظم نریندر مودی کل ہریانہ ، چندی گڑھ اور پنجاب کا دورہ کریں گے۔وزیر اعظم ہریانہ میں جندریلوے سٹیشن سے جند اور سونی پت کے درمیان چلنے والی بھارت کی پہلی ہائیڈروجن ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کررہے ہیں۔وزیر اعظم جند میں 14ہزار 7سو کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کریں گے۔اس کے علاوہ وزیر اعظم چندی گڑھ میں 6ہزار 6سوکروڑ روپے جبکہ جالندھر میں 5ہزار470کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور کئی ایک کا افتتاح بھی کریں گے۔

کانگریس

پارلیمنٹ کے مون سون اجلاس کے آغاز سے قبل نئی دلی میں آج کانگریس کی پارلیمانی کمیٹی کی منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں کُل ہند کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے، لوک سبھا میں حزب اختلاف کے رہنما راہل گاندھی اور دیگر پارٹی لیڈروں نے شرکت کی۔میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے کانگریس کے رُکن پارلیمان پرمود تِواری نے کہا کہ لیڈروں نے پارلیمنٹ کے آنے والے اجلاس میں اٹھائے جانے والے اہم معاملات پر پارٹی کے موقف پر تباد لہ

ئ خیال کیا۔

سپریم کورٹ

نصاب کے تحت 9ویں جماعت میں ایک تیسری زبان کو متعارف کئے جانے پر تشویش کا اظہار CBSE سپریم کورٹ نے کیاہے اور کہا کہ اس سے طلبا پر
دباو

میں اضافہ ہوگا۔ عدالت عظمیٰ نے تجویزدی ہے کہ اسے پانچویں یا چھٹی جماعت میں ہی شروع کیا جانا چاہئے تاکہ طلبا ئ
اس سے واقف ہوسکےں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت34.2 جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18.9ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36.4 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت25.7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 32 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر42منٹ پر ہو گا۔

Closing

........اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔ خدا حافظ........